رہبر معظم سے بحریہ کے سربراہ، بعض اعلی کمانڈروں اور اہلکاروں نے ملاقات کی۔ 28 /Nov/ 2007

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ایران کی بحری فوج کے سربراہ اور بعض اعلی کمانڈروں اور جوانوں سے ملاقات میں بحری فوج کی بڑھتی ہوئی تکنیکی صلاحیتوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا : مسلح افواج کا سب سے بڑا اور اہم مددگار ان کا ایمان ، ان کی طاقت اوران کا خدا وندمتعال پرتوکل ہے اور آٹھ سالہ جنگ کے دوران ایران کی مسلح افواج کی طرف سےپیچیدہ ترین فوجی نقشوں کا بنانا اوراجراء کرنا اس کا صرف معمولی اور واضح نمونہ ہے۔ بحریہ اس عظیم معنوی طاقت اورقوی مدد گارکے ذریعہ اپنی پیشرفت اور ترقی کو جاری رکھے ہوئے ہے رہبر معظم اور ایران کی مسلح افواج کے سربراہ کے ساتھ یہ ملاقات یوم بحریہ کی مناسبت سے ہوئي رہبر معظم نے پیکان بحری کشتی کے بہادر اور شجاع جوانوں کی عظیم قربانیوں کو یادکرتے ہوئے فرمایا :آج آپ نے اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئےبہت سےفوجی وسائل و سازو سامان کو ملک کے اندر تیار کرنےکی صلاحیت حاصل کرلی ہے ۔ اپنی ذات پرآپ کےگرانقدراعتماد کی بدولت آج ایران دوسرے ممالک سے بہت سی چیزیں خریدنے سے بے نیاز ہوگیا ہے ۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے بحریہ کو اپنی اسڑاٹیجک اور کار کردگي پردقیق نظر رکھنے کے سلسلے میں تاکید کی ۔
اس ملاقات کے آغاز میں جمہوری اسلامی ایران کی بحریہ کے سربراہ ایڈمیرل جنرل حبیب اللہ سیاری نے بحریہ کی ترقی ، پیشرفت اور دفاعی صلاحیتوں کے بارے میں رہبر معظم کو آگاہ کیا ۔